تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 20, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ میکانیکل انجینئرنگ کے زیر اہتمام ٹکنیکل فیسٹول 'سیلیسٹر ا۔دو ہزار پچیس' کا انعقاد

شعبہ میکانیکل انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پروفیشنل سوسائٹیز کے اسٹوڈینٹ چیپٹرس، دی امیریکن سوسائٹی آف میکانیکل انجینئرس (اے ایس ایم ای) اور سوسائٹی آف آٹو میٹیو انجینئرز (ایس سے ای) نے وکست بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس کے ہندوستان کے مقصد کی یاد منانے کے لیے مورخہ انیس فروری دو ہزار پچیس کو 'سیلیسٹر ا۔دو ہزار پچیس' ٹکنیکل فیسٹویل منعقد کیا۔واضح ہو کہ سیلیسٹرا ایک سرگرم پلیٹ فارم کے طور پر اختراعی ذہنوں، امنگ سے بھر پور انجینئروں اور صنعت کے ماہرین کو جمع کرتا ہے تاکہ معلومات کے لین دین، مقابلوں اور عملی تجربات کے لیے ایک دوسرے سے تبادلہ خیال کریں۔

انجینئرنگ فیکلٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈین پروفیسر منی تھامس نے پروگرام کا افتتاح کیا۔انھوں نے اپنی تقریر میں انجینئرنگ کے طلبہ کے بین الاقوامی ماہرین سوسائٹیوں میں ارکان ہونے کی اہمیت پر زور دیا۔اس طرح کی رکنیت سے صنعت سے متعلق اطلاعات، نیٹ ورکنگ کے مواقع اور ایک ہی انداز میں سوچنے اور غور وفکر کرنے والے افراد کے سامنے متعدد مواقع ملتے ہیں اور پیشہ ورانہ زندگی میں بیش قیمت رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔

نیشنل آٹو میٹیو بورڈ (این اے بی)، ہیوی انڈسٹری کی وزارت (ایم ایچ آئی) کے تحت کام کرنے والی ایک خود مختار اکائی ہے جس کی ایک شاخ آئی سی اے ٹی کے ڈائریکٹر جناب سوربھ دلیلا پروگرام مہمان اعزازی تھے۔اپنے کلیدی خطبے میں جناب دلیلا نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی طاقت پر زور دیا جو انسانی گرفت میں نہاں ہے اور اپیل کی کہ روزگار کے مواقع کے لیے خطرہ ماننے کے بجائے اس ٹکنالوجی کے لیے آگے بڑھیں اور اسے اپنائیں۔ ہندوستانی نوجوانوں کی اجتماعی ممکنہ قوت کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے طلبہ کو تحریک دی کہ وہ اس کی مدد سے وہ ملک کی ترقی و بہبود اور ہندوستان کے مجموعی گھریلو پیداوار کو بڑھانے میں بیش قیمت تعاون دے سکیں گے۔

صدر شعبہ پروفیسر زیڈ ملک نے پروگرام میں فیکلٹی اراکین اور طلبہ کا خیر مقدم کیا اور موجودہ تناظر میں پروفیشنلسوسائٹیز کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا۔

فیسٹول میں پروڈکٹ سیلنگ، 'اسمارٹ مینی فیسٹنگ اینڈ انڈسٹری چار اعشاریہ صفر' کے موضوع پر اشتہار سازی، اے آئی

شبیہ سازی، ٹکنیکل ٹریزر ہنٹ، جامعہ ہیز گاٹ ٹیلنٹ ٹکنیکل کوئز اور روبوکار وغیرہ جیسے چودہ تکنیکی مقابلے تھے۔ان تمام پروگراموں میں صرف انجینئرنگ فیکلٹی کے طلبہ ہی نہیں بلکہ پوری یونیورسٹی کے طلبہ نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔

اے ایس ایم ای کی جانب سے پروفیسر صباح خان فیسٹ کا انتظام وانصرام کررہے تھے جب کہ ایس اے ای سے ڈاکٹر محمد جاوید کوآرڈینیٹ کررہے تھے۔پروفیسر خان نے جوش وخروش اور دلچسپی سے بھرپور دن کے وعدے کے ساتھ شرکا کا خیر مقدم کیا۔انھوں نے تقریباً تمام تکنیکی سوسائٹیوں کے کثیر رخی اپروچ کو اجاگر کرتے ہوئے نو واردین سے اپنی دلچسپی کی سوسائٹیاں جوائن کرنے کی اپیل کی۔

اے ایس ایم ای اور ایس اے ای کے طلبہ کے صدور اقصی متین اور ذیشان ہاشمی نے پروگرام کی کامیابی کے لیے سوسائٹی کے اراکین کے ساتھ ساتھ اپنے ٹیم کے اراکین اریبہ،ضویا،شکیلہ،عظمت اور فضا معین کے ساتھ مل کر سخت کاوش کی۔

اختتامی اجلاس کے دوران مقابلوں کے فاتحین کو اسناد تقسیم کی گئیں۔اس اجلاس کی صدارت جناب پرمیت سنگھ نے کی۔ڈاکٹر محمد جاوید کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی